کل نمبر:25 — اُردو (ہفتم) ٹیسٹ نمبر 1 — وقت:30 منٹ

چھٹا مہینا، چوتھا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** ماہانہ ٹیسٹ

(حصہ اوّل)

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (13)

1۔ ہر شخص ایک پودا لگائے تو ہم زمین اور اس پر مقیم جان داروں کو بچا سکتے ہیں:

(الف)	تباہی سے	(ب)	ڈوبنے سے	(ج)	مرنے سے	(د)	بڑھنے سے

2۔ بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ ساتھ انسان کی روزمرہ ضروریات میں بھی تیزی سے:

(الف)	فائدہ ہوا ہے	(ب)	اضافہ ہوا ہے	(ج)	کمی واقع ہوئی ہے	(د)	خرابی آئی ہے

3۔ کرونا وائرس کے سبب سکول ایک عرصہ تک:

(الف)	خالی رہے	(ب)	ویران رہے	(ج)	بند رہے	(د)	کھلے رہے

4۔ رضاکارانہ کمیٹیوں میں شامل ہوں گے:

(الف)	بوڑھے لوگ	(ب)	جوان لوگ	(ج)	عام لوگ	(د)	معتبر لوگ

5۔ ابتدا میں تمباکو نوشی اختیار کی جاتی ہے:

(الف)	فیشن کے طور پر	(ب)	دوا کے طور پر	(ج)	دوستوں کے اصرار پر	(د)	ناسمجھی میں

6۔ عام چیز، عام شخص یا عام جگہ کا نام کہلاتا ہے:

(الف)	اسم معرفہ	(ب)	اسم نکرہ	(ج)	اسم حالیہ	(د)	اسم مصدر

7۔ عربی زبان میں واحد اور جمع کے درمیان ایک اور حالت بھی ہوتی ہے، جسے کہتے ہیں:

(الف)	واحد	(ب)	جمع	(ج)	تثنیہ	(د)	جمع الجمع

8۔ ساری زبانوں کے نام ہوتے ہیں:

(الف)	واحد	(ب)	جمع	(ج)	مذکر	(د)	مؤنث

9۔ دعا ہر مشکل کو آسان بنا دیتی ہے جو:

(الف)	سچے دل سے کی گئی ہو	(ب)	نیم دل سے کی گئی ہو
(ج)	بے دلی سے کی گئی ہو	(د)	بے دھیانی سے کی گئی ہو

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 10، 11، 12 اور 13 کے جواب دیں۔

بعض سرد ترین علاقوں میں درجہ حرارت بڑھنے سے گرمی اور بعض گرم علاقوں میں درجہ حرارت کی کمی سے سردی کی شدت

میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ ان اچانک تبدیلیوں نے فصلوں، دریاؤں اور جھیلوں پر بھی شدید اثرات مرتب کیے ہیں۔ جس کی وجہ سے بعض زرخیز علاقوں کو قحط اور خشک سالی نے گھیر لیا ہے۔

10۔ مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	انسدادِ منشیات	(ب)	شجرکاری اور ہمارے موسم
(ج)	کرپشن اور اس کا خاتمہ	(د)	چچا چھکن نے تصویر ٹانگی

11۔ بعض سرد ترین علاقوں میں درجہ حرارت بڑھنے سے اضافہ ہوا ہے:

(الف)	آبادی میں	(ب)	ہوا میں	(ج)	گرمی میں	(د)	نمی میں

12۔ بعض گرم علاقوں میں درجہ حرارت کی کمی سے شدت میں اضافہ ہوا ہے:

(الف)	گرمی کی	(ب)	آب و ہوا کی	(ج)	نمی کی	(د)	سردی کی

13۔ اچانک موسمیاتی تبدیلیوں نے بعض زرخیز علاقوں کو گھیر لیا ہے:

(الف)	خشک سالی نے	(ب)	قحط نے	(ج)	الف، ب دونوں	(د)	شادابی نے

حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔ (کل نمبر 12)

(حصہ دوم)

سوال نمبر 1: ''علامہ اقبال'' کے عنوان پر مضمون تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: ''غرور کا سر نیچا'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر 1: سکول کی کارکردگی کے بارے میں بتانے کے لیے دوست کے نام خط لکھیں۔

سوال نمبر 2: ضروری کام کے لیے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام درخواست تحریر کریں۔